غالب اکیڈمی میں حیات غالب پر شاندار ڈرامے کی پیشکش

غالب اکیڈمی نئی دہلی میں وزارت ثقافت حکومت ہند کے تعاون سے امرت مہوتسو 2024 کے تحت مرزا غالب کے 155 ویں یوم وفات اور غالب اکیڈمی کے 55 ویں یوم تاسیس کے موقع پر حیات غالب کے عنوان سے مدرا ڈانس اور تھیٹر کی جانب سے ایک ڈراما پیش کیا گیا۔اس موقع پر انیس اعظمی نے پچھتر سال میں اردو ڈرامے کی تاریخ پر روشنی ڈالی۔ڈرامے میں چچا کا کردار سدان، عامر احمد نے غالب،سمت کمار نے ذوق،الکھ نے مومن،شیوم کمار نے رپورٹر، ناصر خان نے کنگ،آفاق نے شاعر کا کردار بخوبی ادا کیا۔آفاق نے بڑی محنت سے اسکریپٹ تحریر کی۔ناظرین نے ڈرامے کو خوب پسند کیا۔